سوال

(785) کیا ہر جمعرات بعد از نمازِ مغرب ''سورۃ دُخَانؒ'' پڑھنے کی کوئی فضیلت ثابت ہے؟

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

کیا جمعرات کو بعد از نمازِ مغرب ''سورۃ دُخَانؒ'' پڑھنے کی کوئی فضیلت احادیث سے ثابت ہے۔ (ایک سائل) (۱۲ مارچ ۱۹۹۹ء)

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

اس موضوع کی چار روایات امام قرطبی نے بیان فرمائی ہیں۔ لیکن ان میں بعد از مغرب کی تخصیص نہیں بلکہ مطلقاً رات کا ذکر ہے۔ اور ایک روایت میں 'لَیلَة الجُمُعَة'، اور 'یَوم الجُمُعَة' کے الفاظ بھی ہیں۔ (تفسیر قرطبی: ۱۲۵/۱۶)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ حافظ ثناء اللہ مدنی

جلد: 3، تلاوتِ قرآن: صفحہ: 544

محدث فتویٰ